رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of دھلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
25 YEARS TRUST AND PURITY
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru
NEW DELHI (DAAK) Pages: 12 ₹ 4/- Vol:24 Issue :8905 شمارہ نمبر:8905 14/ذی القعدہ 1445ھ جمعرات «یعنی مکمل سچ» •حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار سال:24 Thursday 23 May 2024

نورامنٹ تیل وکریم
جوڑوں کا درد، کمر درد، چوٹ، موچ، سوجن، وغیرہ میں تیز اثر و کامیاب دوا
امن ورما اداکار
Rahat HERBAL
زوما-ٹون
زبردست قدرتی طاقت کا بہترین ٹانک
مزیدار، طاقت وقدرتی ٹانکوں سے بھرپور، جسمانی و دماغی طاقت کے لئے بہترین ٹانک کمزوری سستی، جسمانی و دماغی تھکاوٹ دور کرتا ہے، جس کی طاقت اور لئے جوش سے بھرتا ہے، یادداشت کو بڑھاتا ہے، بھوک کی کی دور کرتا ہے، کھانا ہضم کرتا ہے، اسہال، کمزوری، بچوں، عورتوں اور بیماری کے بعد کے کمزور لوگوں کے لئے بہترین ٹانک ہے۔
گیس و بدھضمی سے پریشان تو لیجئے
ڈایزک سیرپ
فوراً آرام
گیس و بدہضمی قبض، پیٹ درد، بھوک کی کمی، کھانا نہ پچنا، پیٹ و سینے میں جلن
نینی کا مشہور نورانی تیل ایڈوانس فارمولا
جوڑوں کا درد، کمر درد، چوٹ، موچ سوجن، وغیرہ میں نہایت تیز اثر و کامیاب دوا
RAHAT HERBAL INDUSTRIES Roorkee, Haridwar, Uttrakhand Email : care@rahatgroup.com Sales Enquiry - Kamlesh Singh, (Sales Manager) 9935019690 (10 am to 6 pm)

شمالی ہند کی زیادہ تر ریاستوں میں شدید گرمی کی لہر ◻ کیرالہ و تمل ناڈو میں موسلا دھار بارش کا الرٹ

نئی دھلی، (ایجنسیاں)

ملک میں 2 طرح کا موسم دیکھا جا رہا ہے۔ ایک طرف شمالی ہندوستان کی زیادہ تر ریاستوں میں شدید گرمی ہے تو دوسری طرف جنوبی ہندوستان میں موسلا دھار بارش دیکھی جا رہی ہے۔ محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) کے مطابق راجستھان، پنجاب، ہریانہ، دہلی، یوپی، مدھیہ پردیش اور گجرات میں گرمی کی شدید لہر 25 مئی تک جاری رہے گی، جبکہ کیرالہ اور تمل ناڈو میں بہت زیادہ بارش کا امکان ہے۔

آئی ایم ڈی نے کیرالہ کے پٹھنمتھیا اور اڈوکی میں شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی دارالحکومت تروونت پورم سمیت 18 اضلاع کے لیے اورنج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ کیرالا اسٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے لوگوں سے الرٹ رہنے کی اپیل کی ہے۔ دریں اثنا پونیتی کوڈ میں شدید بارش کے باعث منیم مکان کی دیوار کا ایک حصہ گر گیا ہے جس سے 66 سالہ خاتون کی موت ہوگئی۔ دہلی میں گرمی کی شدید لہر 25 مئی تک جاری رہے گی۔ اس دوران تیز گرم ہوا چلے گی اور دن کا درجہ حرارت 46 ڈگری تک پہنچ سکتا ہے۔ آئی ایم ڈی کے مطابق اس

پورے ہفتہ دہلی کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 44 سے 46 ڈگری سیلسیس کے درمیان رہ سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی کم سے کم درجہ حرارت 29 سے 31 ڈگری سیلسیس کے درمیان رہنے کا امکان ہے۔ موسم میں پیش گوئی کرنے والی ایجنسی اکیلی میٹ کے مطابق کیرالہ اور جنوبی تمل ناڈو میں کچھ مقامات پر بجلی سے درمیانی بارش اور گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ اس کے ساتھ ہی تلنگانہ، کرناٹک، تمل ناڈو، لکشدیپ اور انڈمان کیمبل جزائر کے کچھ حصوں میں بجلی سے درمیانی بارش کے ساتھ کچھ مقامات پر موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ سکم، لکشدیپ، اتراکھنڈ اور شمال مشرقی ہندوستان میں بجلی سے درمیانی بارش ہوسکتی ہے۔ مغربی ہمالیہ، چھتیس گڑھ، بہار، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، اڈیشہ اور جنوبی مدھیہ پردیش میں بجلی بارش کا امکان ہے۔ جبکہ ہریانہ، دہلی، اتر پردیش، راجستھان اور مدھیہ پردیش میں گرمی کی لہر چل سکتی ہے۔

محکمہ موسمیات نے اسی مدت کے دوران پنکن گوا، وسطی مہاراشٹر، مراٹھواڑہ، ودربھ، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ میں 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے گرج چمک اور تیز ہوا کے ساتھ ہلکی سے درمیانی بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ 26 مئی کو اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں مختلف مقامات پر بھاری بارش متوقع ہے۔ مغربی وسطی خلیج بنگال میں کم دباؤ کا علاقہ بن گیا ہے۔ اس کے شمال مشرق کی طرف بڑھنے اور 24 مئی کی صبح تک خلیج بنگال کے مغربی حصوں پر ایک ڈپریشن میں مرتکز ہونے کا امکان ہے۔ یہ شمال مشرق کی طرف بڑھنے اور مرحلہ وشدت اختیار کرنے اور 25 مئی کی شام تک شمال مشرق اور ملحقہ شمال مغربی خلیج بنگال تک پہنچنے کا قوی امکان ہے۔

پی ایف آئی کے 8 ارکان کی ضمانت رد

نئی دھلی، (ایجنسیاں)

سپریم کورٹ نے بدھ کو دہلی ہائی کورٹ کے ایک فیصلے کو پلٹتے ہوئے کالعدم تنظیم پی ایف آئی کے 8 مبینہ ارکان کی ضمانت منسوخ کردی۔ پی ایف آئی ارکان کے خلاف غیر قانونی سرگرمیاں (روک تھام) ایکٹ کے تحت معاملہ درج ہے۔ سپریم کورٹ کی جسٹس بیلا ایم ترویدی اور جسٹس ایج متل کی بنچ نے پی ایف آئی ممبران کی ضمانت منسوخ کرتے ہوئے کہیں خودسپردگی کرنے کو کہا ہے۔ پی ایف آئی کے ارکان کو مدراس ہائی کورٹ نے گزشتہ سال 19 اکتوبر کو ضمانت دی تھی۔ ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف این آئی اے نے سپریم کورٹ میں عرضی داخل کی تھی۔ درخواست کی سماعت کے دوران سپریم کورٹ کی بنچ نے کہا کہ قومی سلامتی بھیڑ سے بالاتر ہے اور دہشت گردی سے کسی بھی طرح کا رعایتی رویہ نہیں کیا جانا چاہیے۔ ضمانت پر رہا ہونے والے ملزمان میں برکت اللہ، اورنیس محمد، ابوطاہر، عارف احمد، سید اسحاق، خواجہ محی الدین، یاسر عرفات اور فیاض احمد شامل ہیں۔ ان سبھی کو ستمبر 2022 میں گرفتار کیا گیا تھا۔

2010 کے بعد جاری تمام اوبی سی سرٹیفکیٹ منسوخ

ترنمول کانگریس کی حکومت نے اوبی سی سرٹیفکیٹ قواعد وضوابط کے تحت جاری نہیں کیے ہیں: ہائی کورٹ

کولکاتا، (یو این آئی)

کلکتہ ہائی کورٹ نے 2011 میں ترنمول کانگریس کے حکومت آنے کے بعد جاری کئے گئے تمام اوبی سی سرٹیفکیٹ کو منسوخ کردیا ہے۔ عدالت

❖ فیصلے کے بعد منسوخ سرٹیفکیٹ کو کسی بھی ملازمت کیلئے استعمال نہیں کیا جاسکتا

نے کہا کہ ترنمول کانگریس کی حکومت نے اوبی سی سرٹیفکیٹ قواعد وضوابط کے تحت جاری نہیں کئے ہیں۔ کلکتہ ہائی کورٹ نے بدھ کو کہا کہ اس فیصلے کے بعد منسوخ شدہ سرٹیفکیٹ کسی بھی ملازمت کے عمل میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ ہائی کورٹ کے اس حکم کے نتیجے میں تقریباً 5 لاکھ اوبی سی سرٹیفکیٹ منسوخ کر دیے گئے ہیں۔

تاہم ہائی کورٹ نے کہا کہ اس فیصلے سے ان لوگوں پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، جنہیں پہلے ہی اس سرٹیفکیٹ کو استعمال کرنے کا موقع مل چکا ہے۔ تاہم بدھ کو کلکتہ ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں ترنمول کانگریس کی حکومت کا خاص طور پر ذکر نہیں کیا۔ عدالت نے کہا کہ 2010 کے بعد جاری کردہ تمام اوبی سی سرٹیفکیٹ منسوخ کر دیے جائیں گے۔ اتفاق سے ریاست میں 2011 سے ترنمول کانگریس برسراقتدار آئی ہے۔ نتیجے کے طور پر عدالت کا حکم

صرف ترنمول جماعت کی طرف سے جاری کردہ اوبی سی سرٹیفکیٹ پر اثر انداز ہونے والا ہے، جنہیں پہلے ہی مطابق صحیح طریقے سے پیش نہیں کیے گئے ہیں۔ اس لئے اس سرٹیفکیٹ کو منسوخ کیا جارہا ہے۔ ہائی کورٹ نے کہا کہ اس ہدایت کا ان لوگوں پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، جنہوں نے اس سرٹیفکیٹ کا استعمال کرتے ہوئے پہلے ہی نوکری حاصل کی ہے یا وہ نوکری حاصل کرنے کے فیصلے کے بعد سیاسی متقدمہ یعنی اسمبلی کو فیصلہ کرنا ہے کہ اوبی سی کون ہوں گے۔ مغربی بنگال پسماندہ طبقات کی فلاح وبہبود کمیشن اوبی سی کی فہرست کا تعین کرے گا۔ اس فہرست کو ریاستی مقننہ یا اسمبلی کو بھیجا جانا چاہیے، جن کے ناموں کو اسمبلی سے منظوری دی جائے گی، وہ بعد میں اوبی سی سمجھے جائیں گے۔

❖ ان لوگوں پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، جنہیں پہلے ہی سرٹیفکیٹ استعمال کرنے کا موقع مل چکا ہے

فیصلے کے بعد ریاستی متقدمہ یعنی اسمبلی کو فیصلہ کرنا ہے کہ اوبی سی کون ہوں گے۔ مغربی بنگال پسماندہ طبقات کی فلاح وبہبود کمیشن اوبی سی کی فہرست کا تعین کرے گا۔ اس فہرست کو ریاستی مقننہ یا اسمبلی کو بھیجا جانا چاہیے، جن کے ناموں کو اسمبلی سے منظوری دی جائے گی، وہ بعد میں اوبی سی سمجھے جائیں گے۔

پولنگ کے حتمی فیصد کے اجرا میں تاخیر پر پھر اُٹھا سوال

نئی دھلی، (ایجنسیاں)

لوک سبھا انتخابات 2024 میں 5 مراحل کی پولنگ ہو چکی ہے۔ اس درمیان 22 مئی (بدھ) کو ایک بار پھر کانگریس نے الیکشن کمیشن کے ذریعہ پولنگ کا حتمی فیصد جاری کرنے میں تاخیر اور پولنگ کے مجموعی فیصد و حتمی فیصد کے درمیان بڑے فرق پر فکر کا اظہار کیا ہے۔ کانگریس کے جے رام رمیش نے الیکشن کمیشن میں عجیب وغریب سرگرمیاں دیکھ کر پریشان ہو رہے ہیں۔ کانگریس کے سینئر لیڈر پون کھیڑا نے اس تعلق سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ کی ہے۔ اس پوسٹ میں انہوں نے لکھا ہے کہ 4/ مراحل کی پولنگ کے دوران الیکشن کمیشن میں عجیب وغریب سرگرمیوں کو لے کر ووٹرس پریشان ہیں۔ پہلے الیکشن کمیشن پولنگ کا حتمی نمبر تیار

کرنے میں 11–10 دن کا وقت لیتا ہے اور اس کے بعد پرانے نمبر اور نئے نمبر کے درمیان 1.7 کروڑ ووٹوں کا فرق ہوتا ہے۔ یہ واقعی میں حیران کرنے والا ہے۔ انہوں نے اس پوسٹ میں یہ بھی لکھا ہے کہ غائب ہوئے ای وی ایم کے بارے میں کئی سوال ہیں جن کے جواب نہیں ملے ہیں۔ یہ بھی بہت فکر انگیز ہے۔ اس تعلق سے کانگریس جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے بھی ایک پوسٹ کی ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ مجموعی طور پر 1.07 کروڑ فرق ہر ایک لوک سبھا سیٹ میں 28000 ووٹ کے اضافہ کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ بہت بڑا نمبر ہے۔ ساتھ ہی جے رام رمیش نے یہ سوال کیا کہ آخر الیکشن کمیشن میں سب سے زیادہ بے چینی جب پی جے کیشٹر یوں کا نقصان ہونے کا اندیشہ ہے۔ کیا یہ اچھا ہے؟

ہیمنت سورین کو دھچکا! سپریم کورٹ کا عبوری ضمانت دینے سے انکار

نئی دھلی، (ایس این بی)

جھارکھنڈ کے سابق وزیراعلیٰ ہیمنت سورین کو مبینہ زمین گھوٹالہ سے متعلق منی لانڈرنگ کیس میں دھچکا لگا ہے۔ عدالت نے بدھ کو اس معاملے میں لوک سبھا انتخابات کے سلسلے میں سورین کو عبوری ضمانت دینے سے انکار کردیا ہے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ نچلی عدالت اس معاملے کا نوٹس لے چکی ہے، یا قاعدہ ضمانت کی درخواست بھی مسترد کردی گئی ہے، اس لیے گرفتاری کو چیلنج کرنے کی بنیاد نہیں ہے۔ اس معاملے پر منگل (21 مئی) کو عدالت میں بحث ہوئی تھی۔



سینئر وکیل کپل سبل نے ہیمنت سورین کی طرف سے دلیل دی اور اسسٹنٹ سالیسٹر جنرل ایس وی راجو نے منگل اور بدھ کو ای ڈی کی طرف سے بحث کی۔ کپل سبل نے عدالت میں سماعت کے دوران کہا کہ یہ 8.86 ایکڑ زمین کا معاملہ ہے اور ہیمنت سورین کا اس سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔ تمام ریکارڈ درست ہوں تو کوئی تنازع پیدا نہیں ہوتا۔ ایس وی راجو نے کہا کہ یہ کہنا غلط ہے کہ اس میں کوئی تنازع نہیں ہے۔ سپریم کورٹ نے ہیمنت سورین سے اس حقیقت کو چھپانے پر ناراضگی کا اظہار کیا کہ انہوں نے نچلی عدالت میں ضمانت کی درخواست دائر کی تھی۔ عدالت نے کہا کہ 4 اپریل کو ہزارباغ کورٹ نے ای ڈی چارج شیٹ کا نوٹس لیا تھا۔ باقاعدہ ضمانت کی درخواست بھی زیرالتوا تھی اور درخواست میں یہ باتیں چھپائی گئی تھیں۔ اس کے جواب میں کپل سبل نے کہا کہ یہ ان کی غلطی تھی، جو معلومات کی کمی کی وجہ سے ہوئی۔ سورین کو اس کی سزا نہیں ملی چاہیے، لیکن جوں نے کہا کہ بہتر ہے کہ وہ دیگر قانونی اپشنز کو دیکھیں۔ اس درخواست کی سماعت نہیں ہوسکتی۔

فلم اسٹار پون سنگھ کو بی جے پی نے ڈسپلن شکنی کے الزام میں پارٹی سے نکالا

پٹنہ، (ایجنسیاں)

بی جے پی نے بھوجپوری سپر اسٹار پون سنگھ کو پارٹی سے نکال دیا ہے۔ وہ کارا کاٹ اوک سبھا سیٹ سے این ڈی اے کے امیدوار اوپیندر کشواہا کے خلاف آزاد امیدوار کی حیثیت سے الیکشن لڑ رہے ہیں۔ پون سنگھ کے خلاف یہ کارروائی ڈہنبال اور پارٹی مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی وجہ بہار ہی جے پی صدر سمراٹ چودھری کے حکم پر پارٹی سے نکالا گیا ہے۔ بہار ہی جے پی کے ریاستی ہیڈکوارٹر کے اجراج ارومشرا کی طرف سے جاری کیے گئے اخراج کے حکم میں لکھا گیا ہے کہ پون سنگھ کو سبھا انتخابات میں این ڈی اے کے امیدوار کے خلاف الیکشن لڑنے سے معذوری ظاہر کردی تھی۔

امیدواروں کی پہلی فہرست میں بی جے پی نے مغربی بنگال کے آسنسول سے پون سنگھ کو ٹکٹ دیا تھا۔ بھوجپوری اسٹار نے ٹکٹ ملنے پر بی جے پی اور پارٹی کی اعلیٰ قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے آسنسول کے ساتھ اپنے خون پسینے اور روزی روٹی کے رشتے کے بارے میں بھی بتایا تھا۔ تاہم ٹکٹ ملنے کے ایک دن بعد ہی انہوں نے آسنسول سے الیکشن لڑنے سے معذوری ظاہر کردی تھی۔

شکایت پر جے پرکاش نڈا اور ملکارجن کھرگے کو الیکشن کمیشن کا نوٹس

پارٹی اسٹار کمپینرس کو مذہبی وفرقہ وارانہ اور آئین وفوج پر بیانات نہ دینے کی ہدایت دینے کو کہا

نئی دھلی، (ایجنسیاں)

الیکشن کمیشن نے بدھ یعنی 22 مئی کو کانگریس صدر ملکارجن کھرگے اور بی جے پی صدر جے پی نڈا کو نوٹس جاری کیا۔ کمیشن نے دونوں جماعتوں کے صدور اور اسٹار کمپینرس سے اپنی تقریروں میں اعتدال رکھنے، احتیاط برتنے اور مریادا کو برقرار رکھنے کیلئے کہا۔ لوک سبھا انتخابات میں راہل گاندھی سمیت کانگریس لیڈر اپنی تقریروں میں بار بار آئین کو بچانے اور آئی وی ریزیکیم کرکر رہے ہیں۔ وہیں بی جے پی لیڈر اپنی تقریروں میں مسلمان اور دوسرے مذہب پر زور دے رہے ہیں۔ کمیشن نے دونوں پارٹیوں کے اسٹار کمپینرس کو مذہبی اور فرقہ وارانہ بیان بازی نہ کرنے کی ہدایت دی ہے۔ بی جے پی سے کہا گیا ہے کہ وہ ان مہم تقریروں کو روکے جو سماج میں تقسیم کا باعث بن سکتی ہیں۔ الیکشن کمیشن نے کانگریس سے کہا کہ وہ آئین سے متعلق سے غلط بیانات نہ دیں۔ جیسے کہ ہندوستان کے آئین کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ کمیشن نے کانگریس سے کہا کہ وہ آئین سے متعلق سے غلط بیانات نہ دیں۔ جیسے کہ ہندوستان کے آئین کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ کمیشن نے کانگریس کے بڑے لیڈروں کو بے لگام بیان دینے کے لیے انتباہ دیا ہے۔ اس کے علاوہ آئی وی ریزیکیم کرتے ہوئے الیکشن کمیشن نے کانگریس سے کہا کہ وہ فوج کی فرض پرستی کرے۔ بی جے پی کا وفد 14 مئی کو فوج پر راہل گاندھی کے ریمارکس کے خلاف شکایت کرنے الیکشن



کمیشن پہنچا۔ راہل نے 13 مئی کو رائے بریلی میں کہا تھا کہ "مودی نے 5 طرح کے سچائی بانٹے ہیں۔ ایک غریب، پسماندہ، قبائلی اور دلت کا بیٹا ہے اور دوسرا امیر گھرانے کا بیٹا ہے۔ وزیراعظم راہل سے شکر کمیشن کے دفتر پہنچے اور راہل اور ان کی پارٹی کے کئی لیڈروں کے خلاف شکایت درج کرائی۔ انہوں نے کہا کہ یہ فوجیوں پر براہ راست حملہ ہے۔ کانگریس اسے متنازع بنا کر فوجیوں کا حوصلہ پست کرنا چاہتی ہے۔ یہ الیکشن کا نہیں ملکی سلامتی کا معاملہ ہے۔ ہندوستانی فوج تمین کے خلاف ملک کی حفاظت کے لیے سنیچوئی سے اپنی پوری طاقت استعمال کر رہی ہے۔

بحریہ ہر صورتحال میں جنگ کیلئے تیار: ایڈمرل ترپاٹھی

نئی دھلی، (یو این آئی)

بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دینیش کے ترپاٹھی نے افسران سے کہا ہے کہ بحریہ کا مقصد قومی سمندری مفادات کے تحفظ کیلئے کسی بھی وقت، کہیں بھی، کسی بھی طریقے سے جنگ کیلئے تیار رہنا ہے۔ بحریہ کی کمان سنبھالنے کے بعد پہلی بار افسروں سے خطاب کرتے ہوئے ایڈمرل ترپاٹھی نے منگل کو اس بات پر زور دیا کہ ملک کی سمندری طاقت کے طور پر، ہندوستانی بحریہ کا مقصد قومی سمندری مفادات کے تحفظ کیلئے ہر ممکن کوشش کرنا ہے۔ جنگ کیلئے کسی بھی وقت، کہیں بھی، کسی بھی طرح تیار رہنے کا وقت ہے۔ انہوں نے خود انحصاری کے تئیں ہندوستانی بحریہ کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ ایک ذمہ دار قوت بن کر رہنے اور بحری سلامتی یقینی بنانے کیلئے سمندری ڈومین میں موجود اور ابھرتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے متقامی حل، پول والٹک اختراعات اور منفرد ٹیکنالوجیوں کو اپنانے پر زور دیا۔ ایڈمرل ترپاٹھی نے افسران سے کہا کہ وہ ایک مربوط اور مستقبل کیلئے تیار فورس کیلئے ترتیبی نتائج پر توجہ دیں۔

بنگلہ دیش کے رکن پارلیمنٹ انوار العظیم کو کلکاتا میں قتل

ڈھاکہ/کولکاتا، (ایجنسیاں)

بنگلہ دیش کے رکن پارلیمنٹ انوار العظیم ارک قتل کی اطلاعات ہیں۔ وہ 18 مئی سے ہی لاپتہ تھے اور اب بتایا جا رہا ہے کہ کولکاتا پولیس نے 22 مئی کو شہر کے ایک فلیٹ سے ان کی لاش برآمد کرلی ہے۔ انوار العظیم بھاج کیلئے ہندوستان آئے تھے اور انہوں نے کچھ ٹسٹ وغیرہ بھی کروائے تھے۔ بنگلہ دیشی انویسٹی گیٹی ایجنسی کے رپورٹ کے مطابق بنگلہ دیش ڈیزاسٹر لیٹی اسٹار کی رپورٹ کے مطابق بنگلہ دیشی ڈپٹی ہائی کمشنر احمد الزماں خان نے ڈھاکہ میں ایک پریس کانفرنس کی، جس میں انوار العظیم کا قتل کولکاتا میں کیے جانے سے متعلق عمومی کیا۔ خبر رساں ایجنسی اے این آئی کے مطابق



بنگلہ دیش وزیراعلیٰ کا کہنا ہے کہ بنگلہ دیش پولیس نے اس معاملے میں 3 لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔ ایک طب میں پی جے چٹاپاڑے کیا ہے کہ اس میں شامل بھی قاتل بنگلہ دیشی ہیں۔ یہ ایک منصوبہ بند قتل تھا۔ تم جلد ہی آپ کو قتل کی وجہ بتا سکیں گے۔ ہندوستان کی پولیس ہمارا تعاون کر رہی ہے۔ اسعد الزماں خان نے مزید کہا کہ ہندوستان کے ایک ذمہ آئی ای کی حوالے سے ہماری پولیس نے بتایا کہ عظیم کی لاش کولکاتا سے برآمد ہوئی ہے۔ اس معاملے میں ابھی تک ہمارے پاس پوری جانکاری نہیں ہے۔ ہمارے ایسٹمبر جنرل معاملے پر گہرائی سے نظر رکھ رہے ہیں۔ مربا بات کی تصدیق ہوجانے پر پہلی میڈیا کو مطلع کریں گا۔

بتایا جاتا ہے کہ انوار العظیم اغوا یا علاج کرانے کیلئے مغربی بنگال آئے تھے۔ کولکاتا پولیس کے مطابق انہیں کسی سازش کے تحت موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ پولیس کو ان کی لاش گلکوں میں ملی۔ بنگلہ دیشی اخباروں بزنس اسٹینڈرڈ کے مطابق کولکاتا پولیس کے ڈپٹی پولیس کمشنر کا کہنا ہے کہ ان کے جسم کو کئی گلکوں میں کاٹا گیا۔ لاش کے گلکوں کو کولکاتا کے نیوٹاؤن میں جیسوکا روڈ کے ایک فلیٹ سے برآمد کیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ فلیٹ ایک ایکسٹرا ڈیوٹی افسر کا ہے۔ کولکاتا کی ایجنسیاں اس معاملے کی جانچ کر رہی ہے۔ ساتھ ہی مرکزی تحقیقاتی ایجنسی کی بھی مدد لی جا رہی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ انوار العظیم 12 مئی کو ہندوستان آئے تھے۔ ان کو آخری بار 13 مئی کی دوپہر کو دیکھا گیا تھا۔ اس وقت وہ اپنے دوستوں کے ساتھ میڈیکل چیک اپ کیلئے کولکاتا کے پاس بدھان نگر میں واقع ایک گھر میں گئے تھے۔ کولکاتا کے بدھان نگر میں انوار العظیم کے ایک دوست نے بتایا کہ انہوں نے ان سے کہا تھا کہ وہ دہلی جانے والے ہیں، لیکن 13 مئی سے ہی ان سے رابطہ نہیں ہو پایا۔ وہ صرف ڈھاکہ میں اپنے اہل خانہ اور بدھان نگر کے اپنے دوست سے متح پر بات کرتے تھے۔ ٹھیک طرح بات نہیں ہونے سے بنگلہ دیش میں موجود انوار العظیم کا دوست گوپال وشواس فکر مند ہوا۔ اس درمیان رکن پارلیمنٹ کی بیٹی نے گوپال کو بتایا کہ وہ اپنے والد سے رابطہ نہیں کر پا رہی ہے۔ اس کے بعد ہی بدھان نگر کے بران نگر پولیس اسٹیشن میں اغوا و اقتصاد کے لاپتہ ہونے کا معاملہ درج کرایا گیا۔

یوروپ کے 3 ممالک نے فلسطین کو بطور ریاست تسلیم کیا

میڈرڈ، (یو این آئی)

اسرائیل بربریت کے خلاف بڑا قدم اٹھاتے ہوئے 3 یوروپی ممالک نے فلسطین کو بطور ریاست تسلیم کرلیا ہے۔ فیرطی میڈیا رپورٹس کے مطابق آئرلینڈ، ناروے اور اسپین نے باضابطہ طور پر فلسطین کو ایک علیحدہ ریاست کے طور پر تسلیم کرلیا ہے، جس کے بعد اسرائیل نے دو یوروپی ریاستوں سے اپنے سفیروں کو واپس بلا لیا ہے۔ آئرلینڈ اور اسپین کی جانب سے وزرائے اعظم نے فلسطین کو بطور ریاست تسلیم کرنے کا اعلان کیا۔ بدھ کو آئرش وزیراعظم سائمن ہیرس نے کہا کہ آج فلسطین کو بطور ریاست تسلیم کرنے کا وقت آگیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ آج آئرلینڈ، ناروے اور اسپین اعلان کررہے ہیں کہ ہم فلسطین کی ریاست کو تسلیم کرتے ہیں، ہم میں سے ہر ایک اس فیصلے کو مکمل جامہ پہنانے کیلئے جو بھی قومی اقدامات کرنے کی ضرورت ہوئی، وہ کرے گا۔ سائمن ہیرس نے مزید کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ آنے والے ہفتوں میں مزید ممالک اس اہم قدم کو اٹھانے میں ہمارا ساتھ دیں گے، یہ اعلان دو یا تین طویل المدتی حل کیلئے واضح حمایت پر مبنی ہے، جو اسرائیل، فلسطین اور ان کے لوگوں کیلئے امن اور سلامتی کا واحد معتبر راستہ ہے۔ ڈبلن میں سائمن ہیرس کے بیان کے بعد نارویجین کے وزیراعظم پیڈر سوستیور اور ناروے کے وزیر خارجہ اسپین جونیئر ہاتھ ہلا رہے ہیں۔ ادھر اسپین کے وزیراعظم پیڈرو سانچیز نے بھی اپنے بیانات میں کہا کہ دونوں ملک 28 مئی سے فلسطینی ریاست کو تسلیم کریں گے۔ پیڈرو سانچیز نے کہا کہ یہ صحیح ہے کہ وزیراعظم بینیامن نیتن یاہو کے پاس فلسطین کے لیے امن کا کوئی منصوبہ نہیں ہے، جو چاہے حماس کے خلاف اس کی لڑائی جائز نہیں ہو۔ ناروے کے وزیراعظم جوناس گہر اسٹور نے بھی ایک بیان میں کہا کہ کل فلسطین کو بطور الگ ریاست تسلیم نہ کیا جائے تو مشرق وسطیٰ میں امن نہیں ہوسکتا۔ اس اعلان کے بعد اسرائیل کے وزیر خارجہ نے آئرلینڈ اور ناروے سے اسرائیل کے سفیروں کو فوری طور پر ملک واپس آنے کا حکم دے دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ریاست تسلیم کرنے کا یہ اعلان غزہ میں قید اسرائیل کے یرغمالیوں کی واپسی کی کوششوں میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔

کانگریس مسلمانوں کو ریزرویشن دینے کیلئے آئین تبدیل کرنے کے درپے: وزیراعظم مودی

بستی، (یو این آئی)

وزیراعظم نریندر مودی نے کانگریس اور ایس پی کو سبق سکھانے کی اپیل کرتے ہوئے بدھ کو ایک ریلی سے اپنے خطاب میں کہا کہ کانگریس مسلمانوں کو ریزرویشن دینے کے لئے امبیڈکر کا آئین تبدیل کرنا چاہتی ہے۔ جبکہ ایس پی بھی دلتوں وپچھڑوں کی مخالفت میں کانگریس کے ساتھ کھڑی ہے۔ ان کو پوکا سبق سکھانا ہے۔ پالی ٹیکٹ گراؤنڈ پرستی ،سدھارتھ نگر اور ڈومریا گنج کے بی جے پی امیدواروں کی حمایت میں منعقد ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ یاہا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے آئین کی قدر نہ کرتے ہوئے ایس پی ہمیشہ دلتوں کے ریزرویشن کی مخالفت کی اور آئین کے پرچے جاکر آج دلتوں اور او بی سی کے ریزرویشن چھین کر وٹ جہاد کرنے والوں کو اس کا حصہ دینا چاہتی ہیں۔ کانگریس مسلمانوں کو ریزرویشن دینے کیلئے امبیڈکر کا آئین تبدیل کرنا چاہتی ہے، جبکہ ایس پی بھی دلتوں وپچھڑوں کی مخالفت میں کانگریس کے ساتھ کھڑی ہے۔ ان کو پوکا سبق سکھانا ہے۔ پالی ٹیکٹ گراؤنڈ پرستی ،سدھارتھ نگر اور ڈومریا گنج کے بی جے پی امیدواروں کی حمایت میں منعقد ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ یاہا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے آئین کی قدر نہ کرتے ہوئے ایس پی ہمیشہ دلتوں کے ریزرویشن کی مخالفت کی اور آئین کے پرچے جاکر آج دلتوں اور او بی سی کے ریزرویشن چھین کر وٹ جہاد کرنے والوں کو اس کا

حصہ دینا چاہتی ہیں۔ کانگریس مسلمانوں کو ریزرویشن دینے کیلئے امبیڈکر کا آئین تبدیل کرنا چاہتی ہے، جبکہ ایس پی بھی دلتوں وپچھڑوں کی مخالفت میں کانگریس کے ساتھ کھڑی ہے۔ ان کو پوکا سبق سکھانا ہے۔ کانگریس اور ایس پی کو اپنا حق آئین کی یاد آگئی ہے۔ اسی لئے کانگریس نے 70 دہائی میں ایمرجنسی لگا کر آئین کو ختم کرنے کی پوری کوشش کی تھی۔ یہ وہی پارٹی ہے، جس نے او بی سی سماج سے تعلق رکھنے والے پاری صدر بیتنارام کیسری کو ایک شام کانگریس دفتر کے باتھ روم میں بند کردیا تھا اور میڈم سونیا گاندھی کی ٹولی نے انہیں فٹ باتھ پر پیٹنے کا حکم دیا تھا اور راتوں رات سونیا گاندھی کو کانگریس کا صدر بنا دیا گیا تھا، جس کانگریس نے اپنی پارٹی کے آئین کی پروا نہیں کی، وہ آج ملک کے آئین کو بچانے کی بات کررہی ہے۔ کانگریس اور سماج وادی پارٹی (ایس پی) کو ہماری آج ہی ضرورت قرار دیتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے بدھ کو کہا کہ آئین کی دہائی دینے والی کانگریس نے ایمرجنسی نافذ کرکر اوپاوی کی ہی سماج سے تعلق رکھنے والے پاری صدر بیتنارام کیسری کو ایک شام کانگریس دفتر کے باتھ روم میں بند کردیا تھا اور میڈم سونیا گاندھی کے اشارے پر انہیں فٹ باتھ پر پیٹنے کا حکم دیا تھا اور راتوں رات سونیا گاندھی کو کانگریس کا صدر بنا دیا گیا تھا، جس کانگریس نے اپنی پارٹی کے آئین کی پروا نہیں کی، وہ آج ملک کے آئین کو بچانے کی بات کررہی ہے۔ کانگریس اور سماج وادی پارٹی (ایس پی)